محمد آصف گھلو
ایم فل اسکالر، شعبۂ اقبالیات، دی اسلامیہ یونی ورسٹی آف بہاول پور
ڈاکٹر محمد اصغر سیال
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اقبالیات، دی اسلامیہ یونی ورسٹی آف بہاول پور

ریڈیائی تقریباتِ اقبال کا تعارفی جائزہ
(ابتدا تا ۱۹۷۷ء)

Abstracts

Iqbal's Radio Events: An Overview (Beginning to 1977)

By Muhammad Asif Ghullu, MPhil Scholar, Dept. of Iqbal Studies, The Islamia University of Bahawalpur
Dr. Muhammad Asghar Sial, Asst. Prof., Dept. of Iqbal Studies, The Islamia University of Bahawalpur

On the occasion of the centenary celebration of the birth of the great thinker, poet and writer Allama Dr. Muhammad Iqbal (1877 to 1938), celebrations were held at all stations of Radio Pakistan. In these programs, well-known personalities of the country presented their views on Iqbal's personality, thought and art. The singers presented Kalam-e-Iqbal in their melodious voices. From Lahore station, Sheikh Abdul Qadir, Dr. MD Taseer, Dr. Saeedullah, Maulana Ghulam Rasool Mehr, Sufi Tabasim, Khalifa Abdul Hakeem and Nazir Niazi highlighted the thought and philosophy of Iqbal. Atiya Faizi's English speech IQBAL AS I KNOW HIM was

broadcast from Karachi station in 1948. From Radio Lahore on April 21, 1948, the feature "Alam-e- Soz-o-Saz" written by Faiz Ahmed Faiz was effective. A series of programs were presented by Radio Pakistan Karachi, Rawalpindi, Lahore and other stations under the title Mard Momin K. Ishaq Amar Tasri from Karachi Station, later Hameed Naseem, Maulana Salahuddin Ahmed and Sufi Tabasim from Lahore continued to transmit and promote the Kalam and Payam-e-Iqbal. "Iqbal's influence on different minds" Radio Pakistan Peshawar Dr. Raziuddin's thought-provoking speech with this title is also a part of Iqbaliyat. Hameed Naseem's program from Radio Pakistan Karachi, "Masjid e Qurtuba" was always memorable, and a series of speeches was broadcast from Radio Pakistan Rawalpindi under the title "Chiragh-i-Rah". Radio Pakistan broadcasted the poem "Shikwah o Jawab-i-Shikwah" in the voices of Umm e Kulsoom and Malkah Tarnam Noor Jahan. Centenary celebrations were organized on the birth anniversary of Allama Iqbal in 1977. The programs of the first part consisted of January to April 21, 1977. The second part consisted of programs from April 22, 1977 to the end of the year. In addition to special national programs, regional and all radio stations special programs were also included.

Keywords: Iqbal’s Thought, Shaheen, Radio Pakistan, Iqbal Centenary Celebrations, Regional Languages and Translations, Broadcasted Special Programs.

ملخص

عظیم مفکر، شاعر و ادیب علامہ ڈاکٹر محمد اقبال (۱۸۷۷ء تا ۱۹۳۸ء) کی پیدائش کے صد سالہ جشن کے موقعے پر ریڈیو پاکستان کے تمام اسٹیشنز پر تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ان پروگرامز میں

ملک کی معروف شخصیات نے اقبال کی شخصیت اور فکر و فن پر اپنی آرا پیش کیں۔ گلوکاروں نے کلامِ اقبال اپنی سریلی آوازوں میں پیش کیا۔ لاہور اسٹیشن سے شیخ عبدالقادر، ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر، ڈاکٹر سعید اللہ، مولانا غلام رسول مہر، صوفی تبسم، خلیفہ عبدالحکیم اور نذیر نیازی نے اقبال کے فکر و فلسفے کو اجاگر کیا۔ کراچی اسٹیشن سے ۱۹۴۸ء میں عطیہ فیضی کی انگریزی تقریر IQBAL AS I KNOW HIM نشر کی گئی۔ ریڈیو لاہور سے ۲۱ اپریل ۱۹۴۸ء فیض احمد فیض کے لکھے گئے فیچر "عالم سوز و ساز" کو یادگاری سند حاصل ہے۔ مردِ مومن کے عنوان سے ریڈیو پاکستان کراچی، راولپنڈی، لاہور اور دوسرے اسٹیشنز سے پروگرام کا ایک سلسلہ پیش کیا گیا تھا۔ کراچی اسٹیشن سے "اقبال کا ایک شعر" اسحاق امرتسری، بعد میں حمید نسیم، لاہور سے مولانا صلاح الدین احمد اور صوفی تبسم کلام و پیامِ اقبال کی ترسیل و ترویج کرتے رہے۔ "مختلف ذہنوں پر اقبال کا اثر" ریڈیو پاکستان پشاور اس عنوان سے ڈاکٹر رضی الدین کی فکر انگیز تقریر بھی اقبالیات کا حصہ ہے۔ ریڈیو پاکستان کراچی سے حمید نسیم کا ترتیب دیا ہوا پروگرام "مسجد قرطبہ" ہمیشہ یادگار رہا۔ "چراغِ راہ" کے عنوان سے ریڈیو پاکستان راولپنڈی سے تقریری سلسلہ نشر ہوتا رہا۔ ریڈیو پاکستان سے ام کلثوم اور ملکہ ترنم نور جہاں کی آوازوں میں نظم "شکوہ و جواب شکوہ" نشر کی گئی۔ علامہ اقبال کے جشن ولادت کے سال ۱۹۷۷ء کو صد سالہ تقریبات کو ترتیب دیا گیا۔ پہلے حصے کے پروگرام جنوری تا ۲۱ اپریل ۱۹۷۷ء پر مشتمل تھے۔ دوسرا حصہ ۲۲ اپریل ۱۹۷۷ء سے سال کے اختتام تک کے پروگرامز پر مشتمل تھا۔ ان میں خاص قومی نشریاتی رابطے پر پروگرام کے علاوہ علاقائی اور تمام ریڈیو اسٹیشنوں کے خاص پروگرامز بھی شامل تھے۔

کلیدی الفاظ: فکرِ اقبال، شاہین، ریڈیو پاکستان، صد سالہ تقریباتِ اقبال، علاقائی زبانیں اور تراجم، نشر شدہ خاص پروگرامز

علامہ اقبال ایک بے مثال شاعر، ایک بلند پایہ مفکر اور عدیم النظیر حکیم تھے۔ ان کی خدمات کا ذکر چند لفظوں میں ممکن نہیں۔ وہ پہلے شاعر تھے جنھوں نے اردو میں سیاسی نظمیں کہیں۔ اقبال کی فکر میں ۱۹۰۵ء کے بعد اسلامیت کے جس رجحان کے خدوخال نے جنم لیا وہ ان کی سیاسی بصرت اور پیش بینی کی ادنیٰ سی مثال ہے۔ علامہ اقبال نے اردو ادب میں انقلاب ہی نہیں پیدا کیا بلکہ اسے ایک نئی زندگی بخشی۔ اقبال ۱۹۰۵ء تک کٹر وطن پرست تھے جس کا اظہار انھوں نے اپنی شاعری کے ذریعے اکتوبر ۱۹۰۴ء کو ترانہ ہندی میں کیا:

سارے جہاں سے اچھا ہندوستان ہمارا ہم بلبلیں ہیں اس کے، یہ گلستاں ہمارا
مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا ہندی ہے ہم، وطن ہے ہندوستاں ہمارا
یونان و مصر و روما سب مٹ گئے جہاں سے اب تک مگر ہے باقی نام و نشاں ہمارا(۱)

مسلمانوں اور ہندوؤں میں ۱۹۰۵ء سے وطن پرستی کے نظریے میں دراڑ پیدا ہونا شروع ہوئی جب تقسیم بنگال کا اعلان ہوا۔ تقسیم بنگال گویا ایک بھونچال تھا جس نے ہندوستانی زندگی کے باطن میں گرجنے والے مناظر فطرت کے زاویے کو زندگی کی خارجی سطح پر لا پھینکا تھا۔ اقبال کے لیے اس سے بڑا المیہ کیا ہوگا کہ بنگالی قوم پرستی کی تحریک جس فلسفہ کے زور پر بڑھ اور پھیل کر ہندوستانی قوم پرستی کی پان ہندو تحریک میں ڈھل رہی تھی وہ نسل پرستی کا فلسفہ تھا اور وہ وطن پرستی سے انحراف تھا۔ چنانچہ رنگ و نسل کے امتیازات سے بالاتر اتحاد انسانی کا اسلامی فلسفہ تصورِ ہندوستانی، زندگی کے حقائق کی تاب نہ لاسکا تو اقبال ہندی فرقہ سازوں کے تراشے ہوئے بت سے دامن بچا کر توحید پرستی کا بول بالا کرنے لگے یوں اقبال کے ہاں ایک وطن پرست ہندوستانیت سے انحراف اور اسلامیت کی طرف پیش قدمی نظر آتی ہے۔"(۲)

اقبال ۱۹۰۵ء سے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے یورپ کا سفر کرتے ہیں اس تعلیمی دورے کے دوران علامہ نے تعلیم کے ساتھ ساتھ یورپین تہذیب و ثقافت کا گہرائی سے مطالعہ کیا جس سے اقبال ظاہری چکا چوند سے بے زاری کا اظہار کیا اور اسلامی فلسفہ حیات میں پناہ لی۔ علامہ اقبال یورپ سے واپسی پر جو شاعری کی وہ ان کا تیسرا دور محققین کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ ان کی شاعری کا تیسرا دور ایک اہم دور کہلاتا ہے جس میں انھوں نے اسلامی شاعری کا آغاز کیا جس کی بنیاد کلمہ توحید ورسالت پر تھی۔ اس دور کی شاعری کی خاص بات فارسی شاعری کے علاوہ اقبال کی جانب سے حیات و کائنات کے فلسفہ خودی کے بارے میں شاعری کا آغاز تھا۔ اقبال نے اس دور کے کلام میں اسلامی معاشرے کو ایک قوم قرار دیا جس کی بنیاد توحید ورسالت پر رکھی۔ مسلمان چاہے وہ کسی قوم وملک سے تعلق رکھتے ہو وہ اسلامی نظریے کی بنیاد پر ایک جسم وجان کی مانند ایک قوم ہیں۔(۳)

اقبال نے ہندو کی عیارانہ ذہنیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تقسیم بنگال کے حالات کے پیش نظر ۱۹۰۸ء سے ہی اپنے پہلے نظریے متحد ہندوستان سے انحراف کرتے ہوئے ترانہ ملی تحریر کیا۔ علامہ اقبال نے متحدہ قومیت کی سختی سے تردید کرتے ہوئے مسلمانوں کو ہندوؤں سے علیحدہ قوم قرار دیا اور برصغیر میں مسلمانوں کے لیے مسلم ریاست کے قیام پر زور دیا۔ خطبہ آلہ آباد میں مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے ۲۹ تا ۳۱ دسمبر ۱۹۳۰ء میں منعقدہ اجلاس میں علیحدہ ریاست کا تصور پیش کرتے ہوئے فرمایا:

"میری خواہش ہے کہ پنجاب، شمال مغربی صوبہ سرحد، سندھ اور بلوچستان کو ملا

کر ایک ہی ریاست میں مدغم کر دیا جائے۔ مجھے تو ایسا نظر آتا ہے کم از کم ہندوستان کے شمال مغرب میں سلطنت برطانیہ کے اندر یا اس کے باہر حکومت خود اختیاری اور شمال مغربی متحدہ مسلم ریاست آخر کار مسلمانوں کا مقدر ہے۔ میں ہندوستان اور اسلام کی فلاح بہبود کے لیے ایک ہی مسلم ریاست کے قیام کا مطالبہ کر رہا ہوں۔ ہندوستان کے نقطہ نظر سے اس کا مطلب اندرونی قوت توازن کے باعث امن و سلامتی ہو گا اور اسلام کے لیے ایک موقع فراہم کرے گا کہ وہ ان اثرات سے آزاد ہو جائے جو عربی شہنشاہیت اس پر ڈال دیتی ہے۔"(۴)

۱۹۳۰ء کے خطبہ الٰہ آباد کا دقیق نظری سے مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت عیاں ہو جاتی جسے عرف عام میں دو قومی نظریہ کہا جاتا ہے وہ فی الحقیقت کثیر قومی نظریہ ہے۔ بقول جسٹس (ریٹائرڈ) جاوید اقبال علامہ اقبال فرماتے ہیں:

"یہ برصغیر کی تمام قوموں کا آزادانہ نشو نما کا منشور ہے جو ہندوستانی زندگی کے حقائق پر خالص انسانی نقطہ نظر سے غور و فکر سے پھوٹا ہے جو فرنگی نظریہ وطن کی بجائے تہذیبی اور روحانی یگانگت کو انسانی اتحاد کی بنیاد قرار دیتا ہے۔ ہندوستان میں بسنے والے مسلمان ایک جداگانہ قوم ہیں اور وہ عظیم تر ہندوستان کے کسی سیاسی تصور کا شکار ہو کر اپنی جداگانہ تہذیبی ہستی کو اکثریت میں ضم کر دینے پر کبھی آمادہ نہ ہوں ہونگے۔ اس لیے انھیں اپنی قومی، جمہوری جدوجہد سے ہندوستان کی دوسری قوموں سے الگ اپنی مملکت قائم کرنے دیجیے۔ یہ تھی علامہ اقبال کی سیاسی بصیرت تھی۔"(۵)

ریڈیو اور اقبال کا تعلق برصغیر میں ریڈیو کی ابتداء ہی سے رہا ہے۔ جب برصغیر میں ریڈیو ابتدائی ارتقائی منازل طے کرتے ہوئے ایک بہت بڑے تہذیبی اور ثقافتی ادارے کے طور پر سامنے آیا جس میں تفریحی، معلوماتی اور حالات حاضرہ کے پروگرامز کے علاوہ ادبی، ثقافتی اور معلوماتی پروگرام بھی پیش کیے جاتے تھے اور ادب سے وابستہ نامور ادبی شخصیات ریڈیو اور اس کے رسائل و جرائد سے وابستہ رہیں۔ ان میں سے ایک نامور شخصیت محمد اقبال کا کلام اور پیغام ریڈیو پر نشر ہوتا رہا ہے۔

علامہ اقبال کے افکار و نظریات، فلسفہ و خطبات اور کلام و پیغام کا جو سفر آل انڈیا ریڈیو کے قیام سے شروع ہو ا تھا وہ فیض آج بھی جاری ہے۔ اقبال کی نورِ بصیرت کو عام کرنے کے لیے ریڈیو پر اقبالیاتی ادب کی اصناف میں

ریڈیو ٹاکس، فیچر، منظومات، اقبالیاتی ادب کے مذاکرے، اقبال کے افکار و نظریات کے پروگرام، فلسفہ و خطباتِ اقبال، حیات و خدماتِ اقبال، شاعری اور کلامِ اقبال سے مزین گفتگو بات چیت فیچر، تحریر و تقریر کے ذریعے اقبالیاتی ادب اور اقبال شناسی پر روشنی ڈالی جاتی رہی ہے۔ ریڈیو کا ادارہ ریڈیو پروگرامز کی نشریات کے ساتھ رسالے کا اجرا بھی کرتا ہے۔ جس کے تحت ریڈیو اسٹیشنوں کے پروگرامز کے احوال، تہذیبی، سماجی، ثقافتی سرگرمیاں اور حالاتِ حاضرہ کے پروگرام شامل ہوتے ہیں۔

ایک سو بیس الفاظ فی منٹ کی حیثیت سے ریڈیو ایک ایسا اطلاعات و نشریات کا واسطہ ہے جو کہ کم خرچ اور زیادہ پیچیدہ نہ ہونے کی وجہ سے بلا تفریق ہر طبقہ تک رسائی رکھتا ہے۔ کھیتوں میں ہل چلانے والے کسان اور پھل فروش ریڑھی بان سے لے کر بڑے بڑے محلات میں برجمان بادشاہ، وزرا اور امرا اس سے استفادہ حاصل کرتے ہیں۔ علامہ محمد اقبال کے افکار و نظریات، فلسفہ اور پیغام کی ترویج و ترسیل کی ابتدا آل انڈیا ریڈیو اور اس کے رسالے آواز سے ہوئی۔ بقول فرزند محمد اقبال جسٹس ریٹائرڈ ڈاکٹر جاوید اقبال:

> ”۲۱ دسمبر ۱۹۳۷ء کو جمعرات کی شام جب لاہور ریڈیو اسٹیشن نے اپنی نشریات کی ابتدا کی تب میرے والد علامہ محمد اقبال بقیدِ حیات تھے۔ میری عمر تقریباً تیرہ برس تھی اور میں سینٹرل ماڈل ہائی سکول کا طالب علم تھا۔ مجھے یاد ہے کہ نئے سال سنہ ۱۹۳۸ء کی آمد آمد تھی، اس لیے سال نو کے پیغام کے حصول کے لیے اقبال سے ریڈیو حکام نے رجوع کیا۔ علامہ اقبال کیوں کہ گلے کی تکلیف میں مبتلا تھے اور ان کی آواز تقریباً بند ہو چکی تھی اس لیے انھوں نے مطلوبہ پیغام اپنی آواز میں نشر کرنے سے معذوری کا اظہار فرمایا۔ یکم جنوری ۱۹۳۸ء کو ان کا پیغام جناب عبدالمجید سالک کی آواز میں لاہور ریڈیو سے نشر کیا گیا تھا۔“(۶)

علامہ نے سال نو کے ریڈیائی پیغام میں اس وقت کے حالات کے تناظر میں عالمی صورت حال کے پیش نظر پیغام تحریری طور پر پیش کیا جو آل انڈیا ریڈیو لاہور سے یکم جنوری ۱۹۳۸ء کو نشر ہوا۔ سال نو کے پیغام کا اقتباس درج ذیل ہے:

> ”اقبال نے فرمایا کہ وحدت صرف ایک ہی معتبر ہے اور وہ بنی نوع انسان کی وحدت ہے جو رنگ و نسل سے بالاتر ہے۔ جب تک انسان اپنے عمل کے اعتبار سے اخلق عیال اللہ کے اصول کا قائل نہ ہو جائے گا، جب تک جغرافیائی وطن پرستی اور رنگ و نسل کے امتیازات کو نہ مٹایا جائے گا۔ اس وقت تک انسان اس

دنیا میں فلاح وسعادت کی زندگی بسر نہ کر سکیں گے۔ اخوت، حریت اور مساوات کے شاندار الفاظ شرمندہ معنی نہ ہوں گے۔ ان حالات میں ہمیں نئے سال کی ابتدا اس دعا کے ساتھ کرنی چاہیے کہ خداوند کریم حاکموں کو انسانیت اور بنی نوع انسان کی خدمت و محبت عطا فرمائے۔"(۷)

آل انڈیا ریڈیو سے علامہ اقبال کا کلام، پیغام اور فلسفہ نشر ہونا شروع ہوا تو یہ بات عبدالمجید سالک کے ذریعے اقبال کو معلوم تھی۔ بقول فرزند اقبال جسٹس جاوید اقبال:

"آل انڈیا ریڈیو سے مبارک علی، فتح علی کے علاوہ فیروز نظامی کے بڑے بھائی سراج نظامی بڑے خوب صورت اور دل آویز ترنم میں کلامِ اقبال پیش کیا کرتے تھے۔ میں یہ بتاتا چلوں کہ اس وقت ریڈیو سیٹ اور ٹیلی فون ہمارے گھر میں موجود نہیں تھے۔ لیکن اس وقت عبدالمجید سالک، صوفی تبسم اور ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر کی ریڈیو لاہور سے گہری وابستگی تھی اس لیے لاہور ریڈیو کے پروگراموں کا ذکر علامہ اقبال سے ہوتا رہتا تھا۔ علامہ اقبال سراج نظامی کو گھر پر بلا کر ان سے اپنا کلام سنا کرتے تھے۔(۸)

آل انڈیا ریڈیو کے دوسرے اسٹیشنوں سے بھی فکر و فلسفہ اقبال کی نشرواشاعت ہوتی تھی۔ اس سلسلے میں ہر سال علیم الدین اور حکیم مرزا حیدر بیگ دہلوی یوم اقبال کے حوالے سے مشاعرہ کرواتے تھے۔ اس مشاعرے کو آل انڈیا ریڈیو بمبئی سے نشر کیا جاتا تھا۔ پہلے دن افکار و فلسفہ اور پیغام اقبال کے تحت تقریریں نشر کی جاتی تھیں۔ دوسرے دن قوالی کے انداز میں کلام اقبال گایا جاتا تھا اور تیسرے دن مشاعرہ ہوا کرتا تھا جس میں اپنے وقت کے نامور شعراء حضرات شرکت کرتے تھے۔(۹)

لاہور ریڈیو اسٹیشن سے فکر اقبال کے مختلف پہلو پر ان احباب فکر، جناب عبدالمجید سالک، صوفی تبسم اور ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر کے علاوہ شیخ سر عبدالقادر، ڈاکٹر سعد اللہ، مولانا غلام رسول مہر، خلیفہ عبدالحکیم اور سید نذیر نیازی نے تقریریں کیں جو علامہ کے ہم عصر اور براہ راست علامہ کی شخصیت اور فلسفے سے واقف تھے۔

علامہ اقبال کے فرزند جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال، اقبال کے فلسفہ پیغام اور نظریات و افکار کو پیش کرنے کے لیے ہمہ وقت پیش پیش رہے جسٹس جاوید اقبال اور ان کی بہن علامہ کی صاحب زادی منیرہ بیگم کے متعدد انٹرویو علامہ اقبال کی نجی اور گھریلو زندگی سے روشناس کرانے کے لیے مسلسل نشر کیے گئے۔ بقول فرزند علامہ اقبال جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال:

> ''۱۹۴۲ء کو جب میں ایف اے کا طالب علم تھا اور میری عمر سترہ برس تھی میں نے لاہور ریڈیو سے اپنے والد گرامی کے بارے میں اپنے تاثرات ''اقبال باحیثیت باپ'' کے عنوان سے بیان کیے جو پندرہ منٹ کے دورانیے پر محیط پروگرام تھا۔ اس سے بیش تر جب میں سکول کا طالب علم تھا تو میں ریڈیو لاہور پر نوجوانوں کے پروگرام میں شرکت کر چکا تھا بعد ازاں میرے، میری بہن اور علامہ کی صاحبزادی منیرہ بیگم کے انٹرویو علامہ اقبال کی نجی زندگی کو روشناس کروانے کے لیے متواتر سے نشر ہوتے رہے ہیں۔''(۱۰)

علامہ اقبال کے دل میں قوم کا درد تھا وہ ایک ایسے وطن کا تصور چاہتے تھے جسے مسلمان اپنا وطن کہہ سکیں۔ آخر کار ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو اقبال کے آزاد اسلامی ریاست کے تصور نے حقیقت کا روپ دھارا۔ پاکستان براڈکاسٹنگ سروس سے جناب ظہور آذاد نے انگریزی میں اور مصطفیٰ علی ہمدانی نے اردو میں آزاد ریاست پاکستان کی نوید سنائی۔ اسی طرح پاکستان براڈکاسٹنگ سروس سے دیگر پاکستانی حصے میں آنے والے ریڈیو اسٹیشنوں ڈھاکہ اور پشاور سے بھی اعلان آزادی ہوئے اور اس وقت پاکستان براڈکاسٹنگ سروس سے اقبال کا ملی ترانہ تمام اسٹیشنوں سے نشر کیا گیا:

چین و عرب ہمارا، ہندوستاں ہمارا　　　مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا
توحید کی امانت سینوں میں ہے ہمارے　　　آساں نہیں مٹانا نام ونشاں ہمارا(۱۱)

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کی شب بارہ بجے سے ایک بجے ریڈیو لاہور کے تحت آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں خصوصی مجلس کا اہتمام تھا۔ بقول جسٹس ریٹائرڈ ڈاکٹر جاوید اقبال:

> رات کے بارہ بج کر بیس منٹ علامہ اقبال کا کلام ''ہوا خیمہ زن کاروانِ بہار'' قوالی کے انداز میں مبارک علی اور فتح علی کی آوازوں میں پیش کیا گیا۔ اسی رات پشاور اسٹیشن نے اپنے ابتدائی اعلان کے لیے علامہ کے اس شعر کا سہارا لیا۔
>
> ''مری نگاہ نہیں سوئے کوفہ و بغداد
> کریں گے اہلِ نظر تازہ بستیاں آباد''(۱۲)

دوسرے روز پاکستان براڈکاسٹنگ سروس نے جشن آزادی کے سلسلے میں خصوصی پروگرام ترتیب دیے تھے۔ ''صبح آٹھ بج کر چالیس منٹ، ملت کے نام قائداعظم کے خصوصی پیغام کے فوراً بعد علامہ کا کلام ''یہ پیام دے گئی ہے مجھے بادِ صبح گاہی'' منور سلطانہ کی آواز میں پیش کیا گیا۔ اسی روز شام ساڑھے پانچ بجے ایک پروگرام بعنوان

"اقبال کی یاد میں" پیش کیا گیا۔ اس پروگرام میں تصور پاکستان کے خالق ہونے کے ناطے علامہ اقبال کو نظم میں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس روز نو بج کر چالیس منٹ پر اقبال کی نظم "اعجاز ہے کسی کا یا گردش زمانہ" منور سلطانہ کی آواز میں سنوائی گئی۔ آزادی کی رات اور اس سے دوسرے روز کی نشریات کی تفصیل اس لیے بیان کی گئی ہے تا کہ آپ جان سکیں کہ آزادی سے قبل اور بعد اقبال اور ریڈیو پاکستان کا ابتدا ہی سے ایک خاص فکری تعلق ہے اور اقبالیات کی ترویج کے ضمن میں ریڈیو پاکستان کی بڑی خدمات ہیں بلکہ اس سلسلے میں ریڈیو پاکستان نے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔(۱۳)

ریڈیو پاکستان کے ادارے اور اقبال کے درمیان ایک فکری تعلق ہے۔ جناب جاوید اقبال کے اس سلسلے میں راقم ہیں۔ میں ایوانِ اقبال میں آپ کی توجہ خاص طور پر اس بینر کی جانب مبذول کروانا چاہوں گا جو ڈائس کے ساتھ آپ کو نظر آرہا ہے۔ اس کے عین وسط میں ریڈیو پاکستان کا امتیازی نشان واضح طور پر دکھائی دے رہا ہے۔ یہ اصل میں اقبال ہی کا شاہین ہے جو فضائے بسیط میں محوِ پرواز دیکھا یا گیا ہے۔ یہ نقش چغتائی ریڈیو پاکستان کا امتیازی نشان ہے ۔ تو "شاہین" جس ادارے کا امتیازی نشان ہو اس سے ادارے اور اقبال کے درمیان فکری تعلق کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔"(۱۴)

یکم اپریل ۱۹۴۹ء ریڈیو پاکستان کے جریدے "آہنگ" کے اس شمارے میں مدیر رشید احمد نے اقبال، شاہین اور ریڈیو پاکستان کے تعلق کی وضاحت کی اور علامہ اقبال کے شاہین کے متعلق علامہ کی لکھی ہاتھ کی دستی تحریر کو بھی سرورق کی زینت بنایا، جس کا عنوان "شاہین اور اقبال" دیا گیا۔ سرورق کی تحریر ملاحظہ کیجیے: "علامہ اقبال کے کلام میں شاہین کو مرکزی کردار کی حیثیت حاصل ہے ریڈیو پاکستان نے اسی شاہین کو اپنا نشان علم بنالیا ہے۔ شاہین کی خصوصیات کے متعلق علامہ اقبال کی دستی تحریر ہمارے سرورق کی زینت ہے ہماری دعا ہے کہ ریڈیو پاکستان کے فکر و عمل میں "اسلامی فکر" کے نشان پائے جائیں۔"(۱۵) شاہین اور اقبال کے عنوان سے علامہ اقبال کے ہاتھ کی لکھی دستی تحریر ملاحظہ کیجیے جو اس شمارے کے مدیر "آہنگ" نے شامل اشاعت کی، علامہ اقبال شاہین کے متعلق رقم کرتے ہیں:

> "شاہین کی تشبیہ محض شاعرانہ تشبیہ نہیں ہے۔ اس جانور میں اسلامی فقر کی تمام خصوصیات پائی جاتی ہیں۔
>
> ۱- خوددار و غیرت مند ہے اوروں کے ہاتھ کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا۔
>
> ۲- بے تعلق ہے آشیانہ نہیں بناتا۔
>
> ۳- بلند پرواز ہے۔

۴- خلوت پسند ہے۔

۵- تیز نگاہ ہے۔"(۱۶)

"ریڈیو پاکستان" کے امتیازی نشان (ان سگنیا) سے متاثر ہو کر "آہنگ" کے ایڈیٹر کے نام خط، آہنگ کو اس کے قاری کی جانب سے لکھا گیا۔ انھوں نے بعض لطیف نکات کی طرف اشارے کیے جو "ریڈیو پاکستان" جریدہ آہنگ کی اشاعت اور ادارے کے لیے رہنمائی کا باعث بن سکتے ہیں۔ اُس مکتوب کے اقتباس ملاحظہ کیجیے:

"مکرمی ایڈیٹر صاحب!

"آہنگ" کے سرورق پر شاہین کی دور بین نگاہ اور اس کے زوردار "پر" جہاں فن کار کے کمالِ فن کو عیاں کرتے ہیں وہاں ادارہ ریڈیو پاکستان کا ذوق سلیم بھی خراج تحسین حاصل کر رہا ہے کیوں کہ ایک لاسلکی ادارہ کے لیے اقبال کے شاہین سے موزوں تر "نشانِ امتیاز" خیال ہی میں نہیں آسکتا معلوم ہوتا ہے کہ ادارہ نے اقبال کے شاہین کو اپنا لیا ہے اور اس طرح "ریڈیو اور اس کا جریدہ "آہنگ" اس عالی مرتبت شاعر کے بتائے ہوئے نصب العین کے حصول میں ہمشہ کوشاں رہے گے۔ اس کی امیدیں قلیل، اس کے مقاصد جلیل، اس کی ادا دل فریب، اس کی نگاہ دل نواز، نرم دم گفتگو، گرم دم جستجو، رزم ہو یا بزم پاک دل و پاک باز شاعرِ پاکستان کو جو انس اور تعلق شاہین سے تھا وہ ان کے کلام معجزہ بیان سے ظاہر ہوتا ہے۔(۱۷)

حسن عشق کی باہمی کشش شاعری کی جان ہے عشق کے لیے جن کی سحر آفرینی نہایت لازمی ہے حسن کا معیار ہر انسان کے لیے علیحدہ ہے لیکن اقبال کے نزدیک ارتفاع وارتقاءِ انسانیت میں جو حیثیت واہمیت عشق کو حاصل ہے شاید کسی شاعر کے کلام میں پائی جاتی ہو:

عشق سے پیدا نوائے زندگی میں زیر و بم — عشق سے مٹی کی تصویروں میں سوز و مبدا دم

عشق — شاخِ گل میں جس طرح بادِ سحر گاہی کا نم — کہ ریشے ریشے میں سما جاتا ہے(۱۸)

اقبال شناسی کی روایت میں ریڈیو پاکستان نے کلام اقبال اور پیغام اقبال کا علاقائی زبانوں میں منظوم ترجمہ کروا کے بھی نشر کیا۔ چنانچہ اب کلام اقبال کو پشاور سے مکران تک ہر جگہ رسائی حاصل ہے اور تمام صوبوں کی عوام فکر اقبال کا ادراک رکھتے ہیں۔ اس قسم کا فریضہ ریڈیو جیسا ذریعہ ابلاغ ہی سرانجام دے سکتا ہے۔

قیام پاکستان کے بعد ریڈیو پاکستان نے علامہ محمد اقبال کے پیغام، فکر اور فلسفہ کو عام کرنے میں قلیدی کردار ادا کیا۔ ریڈیو پاکستان کے مختلف اسٹیشنوں سے اقبالیات اور اقبال شناسی پر کیے جانے والے مختلف پروگرامز کا ذکر جو مختلف اوقات میں نشر ہوئے اس بارے میں ڈاکٹر جاوید اقبال میں لکھتے ہیں:

"قیام پاکستان کے بعد ریڈیو پاکستان نے اقبال کی نور بصیرت کو عام کرنے کا بیڑہ

اٹھایا اور اپنے مختلف مراکز سے حکیم الامت کے رموز و نکات پر مبنی تقریروں کے سلسلے، فیچر پروگرام، غنائیہ فیچر اور نغماتی تشکیل کے ذریعے سننے والوں کو گونا گوں حقائق سے روشناس کرایا۔ لاہور اسٹیشن سے فکر اقبال کے مختلف پہلوؤں پر ان کے اربابِ فکر کی تقریریں نشر کی گئیں جن کی حکیم الامت کی شخصیت کے ساتھ وابستگی رہی ان میں شیخ عبدالقادر، ڈاکٹر سعید اللہ، مولانا غلام رسول مہر، عبدالمجید سالک، ڈاکٹر ایم ڈی تاثیر، صوفی تبسم، خلیفہ عبدالحکیم اور سید نذیر نیازی قابل ذکر ہیں۔"(۱۹)

لاہور کی طرح کراچی اور ریڈیو پاکستان کے دیگر مراکز سے بھی اقبال کے پیغام کو عام کرنے کے لیے پروگرام نشر کیے گئے۔ ان پروگرامز میں علامہ اقبال کی علمی، عملی اور نجی زندگی کو روشناس کرایا گیا۔ اس مقصد کے تحت ان پروگرام میں اقبال کے ہم عصر احباب کے علاوہ ان کے بیٹے ڈاکٹر جاوید اقبال کے ساتھ ساتھ ان کی صاحبزادی منیرہ بیگم اور علامہ اقبال کے حلقہ احباب سے قریبی اشخاص کے بھی ریڈیو پاکستان پر وقتاً فوقتاً انٹرویو اور ریڈیو پاکستان کے رسالے "آہنگ" کے لیے مختلف مضامین اور تحریریں جریدہ "آہنگ" کے مختلف پرچوں میں شامل ہوتی رہی ہیں۔ خاص طور پر نومبر یوم ولادت اور اپریل یوم وفات کے شماروں میں علامہ اقبال کے فلسفہ علم و عمل، خودی، خودداری اور بیداری، ہمت و استقلال اور حیات وخدمات کے متعلق نگارشات و منظومات شائع ہوتیں رہیں۔

چیدہ چیدہ وہ پروگرام جو "اقبال" کے متعلق ریڈیو پاکستان کے مختلف مراکز سے نشر ہوتے رہے ہیں ان کی تفصیل ملاحظہ کیجیے۔ کراچی اسٹیشن سے ۱۹۴۸ء میں محترمہ عطیہ فیضی کی تقریر IQBAL AS I KNOW HIM نشر کی گئی۔ اس کے علاوہ لاتعداد غنائیہ فیچر پیش کیے گئے جو اقبال کے فلسفہ خودی، خودداری اور ہمدردی کے علاوہ ہمت و استقلال کے متعلق تھے۔ ریڈیو پاکستان لاہور سے فیض احمد فیض کے لکھے ہوئے فیچر "عالم سوز و ساز" کا تاثر اب بھی اُس عہد کے سننے والوں کے ذہن میں موجود ہو گا جو ۲۱ اپریل ۱۹۴۸ء کو نشر ہوا جس کے پروڈیوسر اعجاز بٹالوی تھے۔ "مردِ مومن" کے عنوان سے ریڈیو پاکستان کراچی، راول پنڈی، لاہور اور دوسرے اسٹیشنوں سے پروگرامز کا ایک سلسلہ پیش کیا گیا جس کو بہت پذیرائی ملی۔ تعلیمات اقبال کے عنوان سے ریڈیو پاکستان پر تقریروں کا سلسلہ شروع کیا گیا جو ہفتہ وار مختلف مراکز سے نشر ہوتا تھا اور بڑے شوق وذوق سے سنا جاتا تھا۔ کراچی ریڈیو سے اقبال کا ایک شعر کے عنوان سے اسحٰق امر تسری بعد میں حمید نسیم اور لاہور مراکز سے مولانا صلاح الدین احمد اس کے علاوہ صوفی تبسم فکر اقبال کی تفہیم کرتے رہے۔ "ذہنوں پر اقبال کا اثر" اس عنوان سے ریڈیو پاکستان پشاور

۱۹۵۳ء سے ڈاکٹر رضی الدین صدیقی کی فکر انگیز تقاریر بھی اقبالیاتی ادب کا حصہ ”چراغِ راہ“ کے عنوان سے ۱۹۵۰ء ،۱۹۶۰ء کی دہائی میں ریڈیو پاکستان راول پنڈی مرکز سے نشر ہونے والا تقریری سلسلہ فکر اقبال کی ایک بصیرت افروز کوشش تھی۔ اسی طرح کراچی مرکز سے مسجد قرطبہ پر حمید نسیم کا ترتیب دیا ہوا پروگرام ہمیشہ یاد رہے گا۔“(۲۰)

اقبال کے کلام کو نا صرف ملکی موسیقاروں نے پیش کیا بلکہ بیرون ملک برصغیر کے باہر سے بھی مغنیہ فن کاروں نے ان کا کلام گایا اور پیش کیا اس میں مصر کی مغنیہ ام کلثوم کا نام قابل ذکر ہے۔ بقول ڈاکٹر جاوید اقبال:

> ”ام کلثوم اور ملکہ ترنم نور جہاں کی آوازوں میں ”شکوہ جواب شکوہ“ کی نشریاتی تشکیل، افادیت اور دل کشی کی ایک کامیاب مثال تھی۔“(۲۱)

ریڈیو پاکستان نے فکر اقبال کے ہر گوشے اور ہر پہلو سے ہمیں روشناس کرایا اس میں خطبہ آلہ آباد کی ریڈیائی تشکیل قابل ذکر ہے جس میں مفکرِ پاکستان علامہ محمد اقبال نے آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس میں پاکستان کا تصور سامنے لائے۔

اقبال نے آزاد ریاست کا خواب ۱۹۳۰ء آلہ آباد میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں پیش کیا اس کی حقیقی تعبیر ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو رمضان المبارک کی ستائیسویں شب پاکستان کے حصے میں آنے والے ریڈیو اسٹیشنوں نے اعلان آزادی سے سنائی تو علامہ اقبال کو پاکستان کے خالق ہونے کے ناطے کلام اقبال اور پیام اقبال سے خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ڈاکٹر جاوید اقبال اس بارے میں کہتے ہیں:

> ”نومبر ۱۹۸۳ء کو ریڈیو پاکستان کے قومی نشریاتی رابطے پر راول پنڈی اسٹیشن سے آل انڈیا مسلم لیگ کے اکیسویں اجلاس آلہ آباد کی ریڈیائی تشکیل پیش کی گئی۔ اس اجلاس میں علامہ اقبال نے اپنے خطبہ صدارت میں مسلم ریاست، پاکستان کا تصور پیش کیا۔ یہ پروگرام ریڈیو پاکستان کے ناقابل فراموش پروگراموں میں سے ایک تھا۔ اس میں تخیلہ کی مدد سے اس دور کو زندہ کر دیا جو ہماری تاریخ کا اہم باب ہے۔ اس پروگرام کے پروڈیوسر سلیم گیلانی تھے۔“(۲۲)

صد سالہ جشن ولادت اقبال ۱۹۷۷ء، ریڈیو نشر شدہ خاص پروگرام

شاعر مشرق علامہ محمد اقبال نے نا صرف برصغیر کے مسلمانوں کو آزاد ریاست کا تصور دیا بلکہ قوم مسلم میں عمل کی روح، صحت مند عزائم اور زندہ و تابندہ افکار سے بیداری کی لہر پیدا کر دی جو ہماری زندگیوں میں مشعل راہ ہے۔ اس روشنی سے ہم آج بھی گامزن اور ترقی کی راہ پر تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ فکر و فلسفہ اقبال کی ترویج

وترسیل میں ریڈیو پاکستان کا قلیدی مقام ہے۔ ریڈیو پاکستان نا صرف اندرونِ ملک بلکہ بیرونِ ملک فکر وفلسفہ اقبال کی تسا ہیل و تفہیم میں مصروف ہے۔ ۲۱ اپریل ۱۹۷۷ء کو علامہ اقبال کی برسی کے موقع پر پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے تمام اسٹیشن سے خاص پروگرام نشر کیے گئے تھے۔ تفصیلات پروگرام ملاحظہ کیجیے۔

ریڈیو پاکستان کراچی ۲۱ اپریل ۱۹۷۷ء نشر شدہ خاص پروگرام:

شمار	پروگرام تفصیلات	تحریر، تقریر، پیش کش	دورانیہ	اوقات پروگرام
	صاحب افروز فیچر پروگرام	پیش کش :سید ذوالفقار علی		
۱-	بچوں کی دنیا بچوں کے اقبال "غنائیہ فیچر"	بخاری تحریر: رئیس فروغ	۰۰-۳۰	۰۰-۹ صبح
۲-	علامہ اقبال شخصیت معلوماتی مقابلہ	کوائز ماسٹر جاوید احمد صدیقی	۰۰-۳۰	۳۰-۹
۳-	کوائز	تحریر: مجید احمد فاروقی	۰۰-۲۰	۰۰-۱۰
۴-	آہنگ نو، غنائیہ	شاعر: علامہ اقبال	۰۰-۱۰	۲۰-۱۰
۵-	کلام اقبال	مقرر: پروفیسر نواز علی شوق	۰۰-۱۵	۳۰-۱۰
۶-	اسانجو قومی شاعر "تقریر"	کوائز ماسٹر: پیر محمد پروانو	۰۰-۰۵	۴۵-۱۰
۷-	کوائز پروگرام	شاعر علامہ اقبال	۰۰-۱۰	۵۰-۱۰
۸-	کلام اقبال	جناب حسین امام	۰۰-۱۰	۲۰-۱۱
۹-	علامہ اقبال کی شخصیت کے بارے میں	جناب ملا واحدی	----	----
۱۰-	انٹرویو	محترمہ شائستہ زیدی	۰۰-۳۰	۳۰-۴ شام
	انٹرویو علامہ اقبال کی حیات وخدمات	------	----	----
۱۱-	علامہ اقبال کی نظر میں خواتین کا	مقرر مہتاب قریشی	۰۰-۱۵	۴۵-۵
۱۲-	کردار، فاطمہ بنت عبداللہ نظم علامہ	ڈاکٹر ابواللیث صدیقی	۰۰-۳۰	۳۰-۶
۱۳-	اقبال تحط اللفظ	------	۰۰-۳۰	۰۰-۹ رات
۱۴-	عورتوں کا پروگرام سرتیئں سنگھار،	ابلیس کی مجلس شوریٰ	۰۰-۲۰	۱۰-۱۱
۱۵-	تقریر شاعر مشرق	شاعر: علامہ اقبال، ہٹ پریڈ	----	----
۱۶-	فوجی بھائیوں کا پروگرام، علامہ اقبال کی نظر میں فوجی کا تصور کلام اقبال	تحریر: مجید احمد فاروقی، پیش کش سید ناصر جمال، آواز: ام کلثوم	۰۰-۱۰	۳۰-۱۱[۲۳]

علامہ اقبال کی یوم وفات کا خاص
پروگرام
کلامِ اقبال، فیچر پروگرام
علامہ اقبال کی نظم شکوہ کے چند بند کا
عربی ترجمہ

ریڈیو پاکستان راول پنڈی:

برسی علامہ اقبال جمعرات ۲۱ اپریل ۱۹۷۷ء کو نشر ہونے والے خاص پروگرامز کی تفصیلات ملاحظہ کیجیے۔

شمار	پروگرام تفصیلات	تحریر، تقریر، پیش کش	دورانیہ	اوقات پروگرام
۱-	کلام اقبال پر مشتمل پروگرام	(شاعر) علامہ اقبال	۳۰-۰۰	۳۰-۶ صبح
۲-	ریلے پروگرام۔ فاتحہ خوانی مزار اقبال	قومی پروگرام	۱۵-۰۰	۳۰-۷ صبح
۳-	کلام اقبال پر مشتمل پروگرام	علامہ اقبال	۱۵-۰۰	۴۵-۷ صبح
۴-	شمع و شاعر نظم علامہ اقبال	زیڈ—اے بخاری	۳۰-۰۰	۳۰-۱ دوپہر
۵-	دانائے راز۔ ''علامہ اقبال''	بات چیت: محمد سعید	۱۵-۰۰	۰۰-۴ سپہر
	کے یوم وصال پر بات چیت	---- ----	-- --	--- ---
۶-	اقبال کی محفل	---- ----	۱۵-۰۰	۱۵-۵ شام
۷-	فوجی بھائیوں کے لیے پروگرام	تقریر: لیفٹینینٹ کرنل عنایت	۳۰-۰۰	۳۰-۵ شام
	مرد مومن، اقبال کی نظر میں	الرحمٰن صدیقی	-- --	--- ---
۸-	کلام اقبال پر مشتمل پروگرام	علامہ اقبال (شاعر)	۴۵-۰۰	۱۵-۶ شام
۹-	پوٹھوہاری، پنجابی پروگرام، خطبے اقبال	تقریر: پروفیسر شریف کنجاہی	-- --	--- ---
۱۰-	دے	فیچر پروگرام: تحریر انور مسعود	۳۰-۰۰	۳۰-۷ رات
	کلام اقبال دے ترجمیاں نال ترتیب دتا	پیش کش اختر امام رضوی	----	--- ---
۱۱-	ہویا پروگرام (مثالاں)	شرکاء ڈاکٹر جاوید اقبال، ڈاکٹر	۳۰-۰۰	۳۰-۹
	فکر اقبال کی راہیں (مذاکرہ) قومی	سید عبداللہ، صوفی غلام مصطفیٰ	----	----[۲۴]
	پروگرام	تبسم		

ریڈیو پاکستان لاہور:

برسی علامہ اقبال ۲۱ اپریل ۱۹۷۷ء کو نشر ہونے والے خاص پروگرامز کی تفصیلات ملاحظہ کیجیے۔

شمار	پروگرام تفصیلات	تحریر، تقریر، پیش کش	دورانیہ	اوقات پروگرام
۱-	مزار اقبال	فاتحہ خوانی	۰۰-۱۵	۸-۱۰
۲-	لوح بھی تو قلم بھی تو	نعت رسول مقبولؐ، علامہ اقبال آواز مہدی حسن اور ساتھی	۰۰-۰۵	۵-۲۵
			----	-- --
۳-	کلام اقبال دا پنجابی ترجمہ	عبدالغفور اظہر، رشید حبیبی	۰۰-۱۰	۷-۱۰
۴-	ساڈا اقبال حکیم الامت کے شب و روز مذاکرہ	شرکاء سید نذیر نیازی، میاں محمد شفیع، یوسف سلیم چشتی، پیش کش: بزل حق محمود	۰۰-۳۰	۹-۰۰
			----	-- --
۵-		تحت اللفظ، زیڈ اے بخاری	۰۰-۱۵	۹-۳۰
۶-		پیش کش: افضل الرحمٰن	۰۰-۱۵	۹-۴۵
	مسجد قرطبہ	--------------	----	-- --
۷-	شاعر مشرق غیر ممالک کے دانشوروں کی نظر میں محفل مشاعرہ	اقبال کی زمین پر طبع آزمائی	۰۰-۴۵	۱۰-۱۰[۲۵]

ریڈیو پاکستان پشاور ۲۱، اپریل ۱۹۷۷ء:

ریڈیو پاکستان پشاور برسی علامہ اقبال ۲۱ اپریل ۱۹۷۷ء کے خاص پروگرامز۔

شمار	پروگرام تفصیلات	تحریر، تقریر، پیش کش	دورانیہ	اوقات پروگرام
۱-	فاتحہ خوانی علامہ اقبال کے مزار	ریڈیو پشاور سے	۰۲-۰۰	۷-۱۵ تا ۹-۱۵
۲-	سے	---- ----	۰۰-۵۵	۳-۰۰۵ تا ۴-۰۰
۳-	ریلے پروگرام فاتحہ خوانی	پشتو مشاعرہ	۰۰-۴۵	۷-۰۰ تا ۷-۴۵
۴-	بیادِ اقبال مشاعرہ	گل افضل خان، شرف الدین مخلص	۰۰-۴۵	۸-۱۵ تا ۹-۰۰
۵-	اقبال کا پیغام، فیچر پیام اقبال مذاکرہ۔ شرکاء	پروفیسر شمس الدین صدیقی،	۰۰-۳۰	۹-۰۰ تا ۹-۰۰
